روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
بدھ 28۔ اکتوبر 2015ء 14 محرم 1437 ہجری 28۔ اخاء 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 243

خدمت خلق کی تعلیم

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اور اللہ کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور والدین کے ساتھ احسان کرو اور قریبی رشتہ داروں سے بھی اور یتیموں سے بھی اور مسکین لوگوں سے بھی رشتہ دار ہمسایوں سے بھی اور غیر رشتہ دار ہمسایوں سے بھی اور اپنے ہم جلیسوں سے بھی اور مسافروں سے بھی اور ان سے بھی جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوئے۔ (النساء: 37)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حدیث صحیح میں آیا ہے کہ قیامت کے روز خدا تعالیٰ کہے گا کہ میں بھوکا تھا تم نے مجھے کھانا نہ کھلایا۔ میں پیاسا تھا اور تو نے مجھے پانی نہ دیا۔ میں بیمار تھا۔ تم نے میری عیادت نہ کی۔ جن لوگوں سے یہ سوال ہوگا وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب تو کب بھوکا تھا جو ہم نے کھانا نہ دیا۔ تو کب پیاسا تھا جو پانی نہ دیا اور تو کب بیمار تھا جو تیری عیادت نہ کی۔ پھر خدا تعالیٰ فرمائے گا کہ میرا فلاں بندہ جو ہے وہ ان باتوں کا محتاج تھا مگر تم نے اس کی کوئی ہمدردی نہ کی۔ اس کی ہمدردی میری ہی ہمدردی تھی۔ ایسا ہی ایک اور جماعت کو کہے گا کہ شاباش! تم نے میری ہمدردی کی۔ میں بھوکا تھا۔ تم نے مجھے کھانا کھلایا۔ میں پیاسا تھا تم نے مجھے پانی پلایا وغیرہ۔ وہ جماعت عرض کرے گی کہ اے ہمارے خدا ہم نے کب تیرے ساتھ ایسا کیا؟ تب اللہ تعالیٰ جواب دے گا کہ میرے فلاں بندہ کے ساتھ جو تم نے ہمدردی کی وہ میری ہی ہمدردی تھی۔ دراصل خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرنا بہت ہی بڑی بات ہے اور خدا تعالیٰ اس کو بہت پسند کرتا ہے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا کہ وہ اس سے اپنی ہمدردی ظاہر کرتا ہے۔ عام طور پر دنیا میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص کا خادم کسی اس کے دوست کے پاس جاوے اور وہ شخص اس کی خبر بھی نہ لے تو کیا وہ آقا جس کا کہ وہ خادم ہے اس اپنے دوست سے خوش ہوگا؟ کبھی نہیں؛ حالانکہ اس کو تو کوئی تکلیف اس نے نہیں دی، مگر نہیں۔ اس نوکر کی خدمت اور اس کے ساتھ حسن سلوک گویا مالک کے ساتھ حسن سلوک ہے۔ خدا تعالیٰ کو بھی اس طرح پر اس بات کی چڑ ہے کہ کوئی اس کی مخلوق سے سردمہری برتے۔ کیونکہ اس کو اپنی مخلوق بہت پیاری ہے۔ پس جو شخص خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرتا ہے وہ گویا اپنے خدا کو راضی کرتا ہے۔ (تقریر جلسہ سالانہ 29 دسمبر 1904ء)

پریس ریلیز

ترجمان جماعت احمدیہ کا ملک بھر میں آنے والے شدید زلزلہ کے باعث جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس

وطن عزیز میں آنے والی ہر مصیبت میں جماعت احمدیہ اپنے ہم وطنوں کی خدمت کے لئے حاضر ہے

جماعت احمدیہ پاکستان کے ترجمان مکرم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ نے مورخہ 26 اکتوبر 2015ء بروز سوموار کو پاکستان میں شدید زلزلہ سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر پاکستانی احمدی اپنے ہم وطنوں کی مدد کے لئے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دکھ کی اس گھڑی میں اہل وطن کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جب کبھی وطن اور اہل وطن پر کوئی مشکل وقت آیا، تاریخ گواہ ہے کہ بنی نوع انسان کی خدمت کے لئے جماعت احمدیہ اپنی درخشاں روایت کے تحت آگے بڑھی ہے اور جس میدان میں بھی ضرورت ہوئی ہر پاکستانی احمدی نے دل و جان سے وطن اور اہل وطن کے درد کا درماں کیا ہے۔

ترجمان نے کہا کہ ہم حکومت کو اپنے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ یاد رہے کہ 2005ء میں جب ہولناک زلزلے نے ہزاروں افراد کی زندگی کے چراغ گل کر دیئے تھے اور لاکھوں لوگ کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار پڑے تھے۔ اس وقت بھی جماعت احمدیہ نے بڑھ چڑھ کر اہل وطن کی خدمت کی تھی اور زلزلہ زدگان کی فوری طبی امداد کے ساتھ ساتھ خوراک، پانی اور دیگر ضروریات زندگی فراہم کرنے میں دن رات ایک کر دیا تھا، آج بھی ہم اہل وطن کی اس مصیبت پر دل گرفتہ ہیں اور اللہ کے حضور دعا گو ہیں کہ تمام بنی نوع انسان کو ہر مشکل سے محفوظ رکھے۔

خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کا بدلہ

”حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ نے یہ قصہ بیان کیا کہ ایک آدمی بے آب و گیاہ جنگل میں جا رہا تھا۔ بادل گھرے ہوئے تھے۔ اس نے بادل میں سے آواز سنی کہ اے بادل فلاں انسان کے باغ کو سیراب کر۔ وہ بادل اس طرف کو ہٹ گیا۔ پتھریلی سطح مرتفع پر بارش برسی۔ پانی ایک چھوٹے سے نالے میں بہنے لگا۔ وہ شخص بھی اس نالے کے کنارے کنارے چل پڑا۔ کیا دیکھتا ہے کہ یہ نالہ ایک باغ میں جا کر داخل ہوا ہے۔ باغ کا مالک کدال سے پانی ادھر ادھر مختلف کیاریوں میں لگا رہا ہے۔ اس آدمی نے باغ کے مالک سے پوچھا۔ اے اللہ کے بندے تمہارا کیا نام ہے۔ اس نے وہی نام بتایا جو اس مسافر نے اس بادل سے سنا تھا پھر باغ کے مالک نے اس مسافر سے پوچھا۔ اے اللہ کے بندے! تم مجھ سے میرا نام کیوں پوچھتے ہو اس نے کہا میں نے اس بادل میں سے جس کی بارش کا تم پانی لگا رہے ہو یہ آواز سنی تھی کہ اے بادل فلاں آدمی کے باغ کو سیراب کر۔ تم نے کونسا ایسا نیک عمل کیا ہے جس کا یہ بدلہ تجھ کو ملا ہے؟ باغ کے مالک نے کہا۔ اگر آپ پوچھتے ہیں تو سنیں۔ میرا طریق کار یہ ہے کہ اس باغ سے جو پیداوار ہوتی ہے اس کا ایک تہائی حصہ خدا کی راہ میں خرچ کرتا ہوں۔ ایک تہائی حصہ اپنے اور اپنے اہل و عیال کے گزارہ کے لئے رکھتا ہوں اور باقی حصہ دوبارہ ان کھیتوں میں بیج کے طور پر استعمال کرتا ہوں۔“ (صحیح مسلم)

احباب جماعت سے گزارش ہے کہ اپنے عطایا جات فضل عمر ہسپتال/ مد امداد نادار مریضاں ڈویلپمنٹ میں بھی بھجوائیں اور دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا حصہ ڈالیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کے اموال و نفوس میں بے شمار برکتیں نازل فرمائے۔ آمین

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

اداریہ

طاعون سے بچاؤ کا آسمانی نشان

الٰہی نوشتوں کے مطابق حضرت مسیح موعود کی تصدیق کے لئے ہندوستان میں طاعون کی بیماری آئی اور مسیح موعود کی صداقت کا نشان حضور کا یہ الہام قرار پایا کہ

انی احافظ کل من فی الدار

(الہام 8۔اپریل 1902ء)

یعنی میں ہر ایک کو جو تیرے گھر کی چاردیوار کے اندر ہے طاعون سے بچاؤں گا۔اس سے مراد وہ تمام لوگ تھے جو ظاہری طور پر آپ کے گھر کے اندر رہتے تھے یا روحانی طور پر آپ کی جماعت میں شامل ہو کر گویا آپ کے گھر میں ہی تھے لیکن دوسرے لوگوں کے متعلق فرمایا کہ وہ ٹیکہ لگوانے کے باوجود طاعون کا ضرور شکار ہوں گے۔آپ نے فرمایا:

’’خدا تعالیٰ بہر حال جب تک طاعون دنیا میں رہے گو ستر برس تک رہے قادیان کو اس کی خوفناک تباہی سے محفوظ رکھے گا۔‘‘

(دافع البلاء صفحہ 10)

اور فرمایا:’’میرا یہی نشان ہے کہ ہر ایک مخالف خواہ وہ امروہہ میں رہتا ہے اور خواہ امرتسر میں اور خواہ دہلی میں اور خواہ کلکتہ میں اور خواہ لاہور میں اور خواہ گولڑہ میں اور خواہ بٹالہ میں اگر وہ قسم کھا کر کہے گا کہ اس کا فلاں مقام طاعون سے پاک رہے گا تو ضرور وہ مقام طاعون میں گرفتار ہو جائے گا کیونکہ اس نے خدا تعالیٰ کے مقابل پر گستاخی کی۔‘‘

(دافع البلاء صفحہ 18)

چنانچہ کثرت سے طاعون نے گھر برباد کئے مگر احمدیوں میں سے کسی کو طاعون ہوئی بھی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی دعا سے اس موت کو ٹال دیا۔اس کے متعلق چند رفقاء کی روایات درج ذیل ہیں۔

حضرت مولوی فخر الدین صاحب بیان فرماتے ہیں۔

1903ء کا واقعہ ہے کہ ہمارے وطن گھوگھیاٹ ضلع شاہ پور میں طاعون خطرناک طور پر پھیلا غالباً اکتوبر یا نومبر کا مہینہ تھا۔ہمارے ضلع میں بعض دوسرے مقامات میں بھی طاعون نے شدید صورت اختیار کی اور وبائی صورت میں پھیل کر بعض علاقوں اور خاندانوں کا بالکل صفایا کر دیا۔چنانچہ میرے چھوٹے بھائی میاں سلطان احمد بھی بعارضہ طاعون بیمار ہو گئے اور اسی طرح میری اہلیہ جوان دنوں اتفاق سے اپنے گاؤں موضع گڑھی کالا متصل مڈھ رانجھا ضلع شاہ پور میں اپنے والدین کو ملنے کے لئے گئی تھی۔وہ بھی طاعون کے عارضہ سے بیمار ہو گئی۔یہ دیکھ کر مجھے اضطراب ہوا۔خصوصاً اس وجہ سے کہ اگر خدا نخواستہ ان میں سے کسی ایک کی موت واقع ہو گئی۔تو مخالفین طعن کریں گے کہ مرزا صاحب کی پیشگوئی کے باوجود آپ کے مرید بھی اس کا شکار ہونے لگے۔چنانچہ اسی تشویش میں خاکسار نے حضرت مسیح موعود کی خدمت میں دعا کے لئے متعدد خطوط لکھے۔میرے خطوط لکھنے کے بعد چند روز میں جلد ہی مجھے حضور کی طرف سے جواب آیا کہ میں نے دعا کی ہے اللہ تعالیٰ صحت دے گا۔چنانچہ ایسا ہی ہوا اور خدا کے فضل سے دونوں مریض جو خطرناک طور پر بیمار تھے۔محض حضرت اقدس کی دعاؤں کے طفیل صحت یاب ہو گئے اور اس وقت تک زندہ ہیں۔ (رجسٹر روایات جلد 8 صفحہ 290)

حضرت میاں فضل محمد صاحب ہرسیاں والے بیان فرماتے ہیں۔

پہلی دفعہ جب طاعون پڑی تو ہمارے گاؤں میں بھی چوہے مرنے شروع ہوئے۔میں ہر جمعہ قادیان شریف میں آکر جمعہ پڑھا کرتا تھا اور اکثر حضور سے مل کر واپس جاتا تھا۔اس روز ملتے وقت میں نے عرض کی حضور ہمارے گاؤں میں چوہے مرنے شروع ہو گئے ہیں۔حضور نے فرمایا فوراً باہر کھلی ہوا میں چلے جاؤ۔ایسے خطرہ کے وقت اس جگہ کو چھوڑ نا ہی سنت ہے۔ضرور گھر کو چھوڑ کر کھلی جگہ چلے جاؤ۔چنانچہ میں حضور کے حکم کے ماتحت باہر چلا گیا اور بھی سب لوگ میرے سبب سے گھروں کو چھوڑ کر باہر چلے گئے مگر میرا ایک چچازاد بھائی نہ گیا اور چند دن کے بعد یہ طاعون سے مر گیا۔

(رجسٹر روایات جلد 14 صفحہ 282)

حضرت چوہدری غلام حسین صاحب آف سرگودھا نے 1905ء میں تحریری بیعت کی۔ تحریری بیعت کے پندرہ دن بعد گاؤں میں طاعون پھوٹ نکلی۔بیوی اور بیٹے محمد یار کو بخار اور پھنسیاں نکل آئیں۔لوگوں نے مسجد سے نکال دیا کہ تم نے بیعت کی ہے اس لئے سب سے پہلے تمہاری بیوی اور بچے کو طاعون ہوئی ہے۔حضرت اقدس کو دعا کا خط لکھا۔آپ نے تحریر فرمایا کہ آپ ان کو ہوادار جگہ میں رکھیں اور استغفار کریں اللہ تعالیٰ آپ کی بیوی اور بچہ دونوں کو انشاء اللہ تندرست کر دے گا۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور دونوں صحت یاب ہو گئے لیکن اعتراض کرنے والوں پر اس قدر تباہی آئی کہ چک میں 70 آدمی طاعون سے تباہ ہوئے اور دو دو آدمی ایک ایک قبر میں دفنائے گئے۔اس نشان کے بعد پانچ گھروں نے بیعت کی۔ان سب گھروں میں بیعت سے پہلے طاعون سے وفاتیں ہو چکی تھیں۔

(تاریخ احمدیت جلد 24 صفحہ 689)

حضرت مفتی چراغ دین صاحب لکھتے ہیں۔

میرے بھائی کا لڑکا طاعون سے بیمار ہو گیا۔میں نے حضرت صاحب کی خدمت میں خط لکھا اور حضور کا ایک کرتہ تھا جو اس کے گلے میں پہنا دیا۔خط کا جواب آیا جو مفتی محمد صادق صاحب کا لکھا ہوا تھا۔جس میں لکھا تھا کہ حضور نے دعا کی اور میں دعا کرتا ہوں۔اللہ شفا عطا فرمائے۔وہ لڑکا خدا کے فضل سے اچھا ہو گیا اور اب تک زندہ ہے۔بال بچوں والا ہے۔

(رجسٹر روایات جلد 9 صفحہ 14)

حضرت میاں گوہر دین صاحب بیان فرماتے ہیں۔

خاکسار نے حضرت مسیح موعود کے حضور میں آکر عرض کی کہ حضور ہمارے گاؤں میں طاعون آگئی ہے۔حضور نے فرمایا کہ جا کر چھت پر کھڑے ہو کر یہ اعلان کر دو کہ لوگو تین گھنٹہ کے اندر اندر میرے ساتھ ایک مہینہ کی رسد لے کر اور اپنا تمام سامان وغیرہ لے کر گاؤں سے باہر جا کر ڈیرہ لگانے کے لئے جو میرے ساتھ آئے گا وہ تو میرے ساتھ رہے گا اور جو اس کے بعد آئے گا۔اس کو ہر گز پاس نہ رہنے دینا۔چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا اور میرے ساتھ کل ایک گھر سے آدمی شریک ہوئے اور باقی لوگوں نے ضد کی۔

آخر وہ بھی چند دنوں کے بعد گاؤں سے باہر رہائش اختیار کرنے کے لئے نکلے۔تو میں نے کسی کو بھی پاس نہ رہنے دیا۔انہوں نے علیحدہ ڈیرہ رکھا۔میرے گھر کا اور میرے ساتھ نکلنے والوں کا کوئی آدمی بھی نہیں مرا۔نہ بیمار ہوا۔باقی گاؤں کا گاؤں ہی قریباً تباہ ہو گیا۔کچھ تو مر گئے اور بہت سارے بیمار پڑے تھے۔صرف تین آدمی تندرست تھے۔میرے کہنے پر انہوں نے خواہش کی کہ ہم حضرت مسیح موعود کے حضور جا کر دعا کراتے ہیں۔چنانچہ میں ان تینوں کو ساتھ لے کر آیا اور حضور کو بیت اقصیٰ کی سیڑھیوں پر ملا اور ان شخصوں کا ذکر کیا حضور نے ان تینوں شخصوں کو اپنے پاس بلوایا اور ان سے فرمایا کہ میں اب تو دعا کرتا ہوں اور انشاء اللہ خداوند تعالیٰ قبول فرمائے گا۔پر سچے دل سے احمدی ہو جاؤ تا کہ اس عذاب سے بچ جاؤ اور اگر پھر گمراہ ہو گئے۔تو ایسا نہ ہو کہ میری دعا بھی حضرت نوح کی طرح قبول نہ ہو۔اس کے بعد وہ خود محفوظ رہ گئے اور ان کے گھر کے آدمی جو بیمار پڑے تھے بغیر کسی دوائی کے اس دن ہی سے تندرست ہونے شروع ہو گئے۔ (رجسٹر روایات جلد 8 صفحہ 246)

☆............☆............☆............☆

مکرم محمد محمود طاہر صاحب

حضرت مسیح موعود کا عشق قرآن

اللہ تعالیٰ کی پیاری کتاب جو ہادی کامل حضرت محمد مصطفی ﷺ پر کامل ہدایت کی صورت میں نازل ہوئی اس کے ساتھ والہانہ عشق اور محبت سیدنا حضرت مسیح موعود کی سیرت طیبہ کا ایک نمایاں پہلو ہے۔قرآن کریم کے ساتھ عشق و محبت اور تعظیم و تکریم کے انوکھے اسلوب آپ نے اپنائے اور ہمیں سکھائے اور دنیا کو دکھلائے۔

قرآن کریم کی عظمت اور اس کی تعلیمات کا قیام آپ کے بنیادی مقاصد بعثت میں سے ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت نے حضرت مسیح موعود کو مبعوث فرمایا۔ہاں وہی رجل فارس میدان میں اترا جس نے ثریا سے ایمان کو لاکر زمین میں لوگوں کے دلوں میں راسخ کردیا۔آپ نے قرآن فہمی، تدبر و تفکر، تفسیر القرآن، اغیار کو چیلنجز اور حقانیت و افضلیت قرآن کو ثابت کرکے اس حسین و جمیل کتاب کی اہمیت، عظمت، تکریم اور رفعت دلوں میں پیدا کی۔ یہ وہ قرآن سے عشق حقیقی تھا جو حضرت مسیح موعود نے نہ صرف خود اختیار فرمایا بلکہ اپنے ماننے والوں کو بھی اس عشق کی چاٹ لگائی جس کے نتیجہ میں سیدنا حضرت حکیم مولانا نورالدین جیسے عاشق قرآن، سیدنا حضرت محمود جیسے مفسر قرآن، سیدنا حضرت ناصر جیسے شارح قرآن اور سیدنا حضرت طاہر جیسے مترجم و محقق قرآن پیدا کردیئے اور آج سیدنا حضرت مسرور دنیا کو عظمت قرآن سے آراستہ اور انوار قرآنی سے منور فرما رہے ہیں۔

حضرت مسیح موعود کے عشق قرآن کے نظارے ہمیں آپ کے بلند پایہ منظوم کلام میں بھی نظر آتے ہیں اور جو اردو، فارسی اور عربی زبان میں ہیں۔یہ نظارے آپ کی درجنوں کتب اور ملفوظات میں بھی نظر آتے ہیں۔یہ خوبصورت جھلکیاں ہم آپ کے اقوال میں بھی دیکھ سکتے ہیں اور آپ کے کردار میں بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں اور پھر آپ کے ارشادات میں بھی ہر جگہ پھیلی ہوئی دیکھی جاسکتی ہیں۔آپ کا نثریہ کلام ہو یا منظوم کلام۔یہ عربی میں ہو یا اردو میں یا فارسی میں ہر جگہ عشق قرآن اور مدح و عظمت قرآن سے بھرا ہوا نظر آتا ہے۔اس کیفیت کا آپ خود اظہار ان الفاظ میں فرماتے ہیں۔

’’میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہوگیا ہوں اور اگر لوگ چاہیں تو گواہی دے سکتے ہیں کہ میں دنیاداری کے کاموں میں نہیں پڑا اور دینی شغل میں ہمیشہ میری دلچسپی رہی۔میں نے اس کلام کو جس کا نام قرآن ہے نہایت درجہ تک پاک اور روحانی حکمت سے بھرا ہوا پایا‘‘۔

(سناتن دھرم ص10)

قرآن پر تفکر و تدبر: قرآن کریم پر تفکر و تدبر کی عادت گویا آپ کی فطرت ثانیہ تھی۔محبت الٰہی، محبت رسول اور فرقان مجید سے عشق یہ آپ کی سیرت کا حاصل ہے۔آپ کی اس کیفیت کا بیان حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں:

’’آپ کے مشاغل بجز عبادت و ذکر الٰہی اور تلاوت قرآن مجید اور کچھ نہ تھے۔آپ کو یہ عادت تھی کہ عموماً ٹہلتے رہتے اور پڑھتے رہتے۔دوسرے لوگ جو حقائق سے ناواقف تھے وہ اکثر آپ کے اس شغل پر ہنسی کرتے۔قرآن مجید کی تلاوت اس پر تدبر اور تفکر کی بہت عادت تھی۔خان بہادر مرزا سلطان احمد صاحب بیان کرتے کہ آپ کے پاس ایک قرآن مجید تھا۔اس کو پڑھتے اور اس پر نشان کرتے رہتے تھے۔وہ کہتے ہیں میں بلا مبالغہ کہہ سکتا ہوں کہ شاید دس ہزار مرتبہ اس کو پڑھا ہو۔اس قدر تلاوت قرآن مجید کا شوق اور جوش ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو خدا تعالیٰ کی اس مجید کتاب سے کس قدر محبت اور تعلق تھا اور آپ کو کلام الٰہی سے کیسی مناسبت اور دلچسپی تھی۔اسی تلاوت اور پُرغور مطالعہ نے آپ کے اندر قرآن مجید کی صداقت اور عظمت کے اظہار کے لئے ایک جوش پیدا کردیا تھا اور خدا تعالیٰ نے علوم قرآنی کا ایک بحر ناپیدا کنار آپ کو بنادیا تھا‘‘۔

(حیات احمد جلد اول، حصہ دوم صفحہ 172)

قرآن کریم پر تفکر اور تدبر کی ایک روایت حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے اپنی تصنیف سیرۃ المہدی میں درج کی ہے جس میں بیان ہوا ہے کہ ایک بار آپ قادیان سے بٹالہ بذریعہ پالکی روانہ ہوئے۔یہ کئی گھنٹوں کا سفر بنتا ہے۔آغاز سفر میں ہی آپ نے قرآن کریم کھول لیا اور سورۃ فاتحہ ہی پڑھتے گئے۔راوی نے بیان کیا کہ آپ نے سارا راستہ کوئی ورق نہ الٹا بلکہ سورۃ فاتحہ کی تلاوت اور تدبر و تفکر میں مصروف رہے اور اس کے حسن اور مطالب پر غور فرماتے رہے۔یہ تھا قرآن کریم کے ساتھ آپ کا عشق جو آپ کے دل میں موجزن تھا۔

(سیرۃ المہدی جلد اول روایت نمبر 438)

قرآن سننے سے افاقہ ہوگیا

سیرۃ المہدی میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے اپنے ماموں حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب کی روایت نقل کی ہے جس سے حضور کے عشق قرآن کی ایک منفرد صورت ہمارے سامنے آتی ہے۔حضرت ڈاکٹر صاحب بیان کرتے ہیں ایک روز مغرب کے بعد حضور شاہ نشین پر بیت المبارک میں احباب کے ساتھ بیٹھے تھے کہ آپ کو دوران سر کا دورہ شروع ہوا اور آپ شاہ نشین سے نیچے اتر کر فرش پر لیٹ گئے اور بعض لوگ آپ کو دبانے لگ گئے مگر حضور نے ان سب کو ہٹا دیا۔جب اکثر دوست رخصت ہوگئے تو آپ نے حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی سے فرمایا کہ کچھ قرآن شریف پڑھ کر سنائیں مولوی صاحب دیر تک نہایت خوش الحانی سے قرآن شریف سناتے رہے یہاں تک کہ آپ کو افاقہ ہوگیا۔

(سیرۃ المہدی جلد اول روایت نمبر 462 صفحہ 439)

آنکھوں میں آنسو بھر آئے

حضرت مسیح موعود کے مرید خاص اور جلیل القدر رفیق حضرت مفتی محمد صادق صاحب ایڈیٹر بدر اور مجاہد امریکہ حضرت مسیح موعود کے عشق قرآن کا مشاہدہ بیان کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ میں نے حضرت مسیح موعود کو صرف ایک دفعہ روتے دیکھا ہے اور وہ اس طرح کہ ایک دفعہ آپ خدام کے ساتھ سیر کے لئے جارہے تھے اور ان دنوں میں حاجی حبیب الرحمان صاحب حاجی پورہ والوں کے داماد قادیان آئے ہوئے تھے۔کسی شخص نے حضرت صاحب سے عرض کیا کہ حضور یہ قرآن شریف بہت اچھا پڑھتے ہیں۔حضرت صاحب وہیں راستہ کے ایک طرف بیٹھ گئے اور فرمایا کہ کچھ قرآن شریف پڑھ کر سنائیں۔چنانچہ انہوں نے قرآن شریف سنایا تو اس وقت میں نے دیکھا کہ آپ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے تھے حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی وفات پر میں نے بہت غور سے دیکھا مگر میں نے آپ کو روتے نہیں پایا۔حالانکہ آپ کو مولوی صاحب کی وفات کا نہایت صدمہ تھا۔

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب بیان کرتے ہیں کہ یہ بالکل درست ہے کہ حضرت مسیح موعود بہت کم روتے تھے اور آپ کو اپنے آپ پر بہت ضبط حاصل تھا اور جب کبھی آپ روتے بھی تھے تو صرف اس حد تک روتے تھے کہ آپ کی آنکھیں ڈبڈبا آتی تھیں۔اس سے زیادہ آپ کو روتے نہیں دیکھا گیا۔

(سیرۃ المہدی جلد اول روایت نمبر 436 صفحہ 393)

عشق قرآن سے معمور کلام

حضرت مسیح موعود کی تمام کتب عشق قرآن اور محاسن قرآن کے بیان سے معمور ہیں۔آپ نے اپنے نثریہ کلام میں قرآن کریم کے عظیم الشان معارف، حقائق، دقائق اور لطائف بیان فرمائے ہیں۔آپ کے منظوم کلام میں انتہائی محبت اور عشق میں ڈوبی ہوئی کیفیات کا بیان ہے۔یہ کلام عربی، فارسی اور اردو زبانوں سب میں موجود ہے۔اردو کے چند اشعار بطور نمونہ درج کررہا ہوں۔ایک مقام پر آپ نے فرمایا: ع

قمر ہے چاند اوروں کا ہمارا چاند قرآں ہے

قرآن کریم کے ساتھ محبت اور عشق کا بہت ہی خوبصورت اظہار اس مصرع میں آپ نے فرمایا ہے۔

بہار جاوداں پیدا ہے اس کی ہر عبارت میں
نہ وہ خوبی چمن میں ہے نہ اس سا کوئی بستاں ہے

....

دل میں یہی ہے ہر دم تیرا صحیفہ چوموں
قرآں کے گرد گھوموں کعبہ میرا یہی ہے

....

نور فرقاں ہے جو سب نوروں سے اجلیٰ نکلا
پاک وہ جس سے یہ انوار کا دریا نکلا
یا الٰہی تیرا فرقان ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا

خدمت قرآن کی نصیحت

حضرت مسیح موعود عمر بھر خدمت قرآن پر کمربستہ رہے اور آپ نے اپنے عشق قرآن کا اظہار اپنے عمل سے کرکے دکھایا۔یہی کیفیت اور جذبہ آپ دوسروں میں بھی دیکھنا چاہتے ہیں اپنے فارسی منظوم کلام میں آپ فرماتے ہیں:

اے بے خبر بخدمت قرآں کمر بہ بند
زاں پیشتر ببانگ بر آید فلاں نماند

اے بے خبر قرآن کریم کی خدمت کے لئے کمربستہ ہوجا تا قبل اس کے کہ یہ پکار سنائی دے کہ فلاں شخص اب دنیا میں نہیں رہا۔

پس آج ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم بھی قرآن کریم کی خدمت میں کمربستہ ہوجائیں۔قرآن کریم کے ساتھ وہ محبت اور پیار کریں جو کسی اور نے نہ کیا ہو۔عشق و محبت کے وہ اسلوب اپنائیں جن کا نمونہ حضرت مسیح موعود نے ہمیں دکھایا ہے۔

تمام فلاح اور نجات کا سرچشمہ

حضرت مسیح موعود اپنے پیروکاروں کو قرآن کریم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے اور اس سے پیار کرنے کی نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’سو تم ہوشیار رہو اور خدا کی تعلیم اور قرآن کی ہدایت کے برخلاف ایک قدم بھی نہ اٹھاؤ۔میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو شخص قرآن کے سات سو حکم میں سے ایک چھوٹے سے حکم کو بھی ٹالتا ہے وہ نجات کا دروازہ اپنے ہاتھ سے اپنے پر بند کرتا ہے حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولیں اور باقی سب اس کے ظل تھے سو تم قرآن کو تدبر سے پڑھو اور اس سے بہت ہی پیار کرو ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو کیونکہ جیسا کہ خدا نے مجھے مخاطب کرکے فرمایا اَلْخَیْرُ کُلُّہٗ فِی الْقُرْاٰن کہ تمام قسم کی بھلائیاں قرآن میں ہیں یہی بات سچ ہے افسوس اُن لوگوں پر جو کسی اور چیز کو اس پر مقدم رکھتے ہیں تمہاری تمام فلاح اور نجات کا سرچشمہ قرآن میں ہے کوئی بھی تمہاری ایسی دینی ضرورت نہیں جو قرآن میں نہیں پائی جاتی تمہارے ایمان کا مصدق یا مکذب قیامت کے دن قرآن ہے اور بجز قرآن کے آسمان کے نیچے اور کوئی کتاب نہیں جو بلا واسطہ قرآن تمہیں ہدایت دے سکے۔خدا نے تم پر بہت احسان کیا ہے جو قرآن جیسی کتاب تمہیں عنایت کی۔میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ کتاب جو تم پر

باقی صفحہ 5 پر

مکرم عبدالحلیم سحر صاحب

منی لانڈرنگ کے معیشت پر اثرات

کسی بھی ملک کی معیشت اور معاشی صورتحال کا اندازہ لگانے کے لئے کئی ایک اقتصادی اور معاشی عوامل کو مدنظر رکھنا ہوتا ہے۔ یہ تو معاشیات کا اصول ہے کہ قیمتوں کے تعین میں (منڈی یا بازار میں) رسد اور طلب بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ گو کہ اشیاء کی کوالٹی بھی قیمتیں مقرر کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

اگر کسی ملک میں معاشی اور اقتصادی سرگرمیاں معاشیات کے معین کردہ اصولوں کے تحت جاری ہوں تو وہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے اور وہاں کے لوگ خوشحال ہوتے ہیں۔ اشیاء کی قیمتیں مناسب سطح پر ہوتی ہیں۔ روزگار کے زیادہ مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ صنعتیں پھل پھول رہی ہوتی ہیں۔ زراعت کا شعبہ بھی اپنا مثبت کردار ادا کر رہا ہوتا ہے۔ پیداوار یا رسد، طلب کے مطابق باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت ہوتی ہے۔ درآمدات اور برآمدات کا بہترین توازن قائم ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ افراط زر اور تفریط زر کنٹرول میں رہتا ہے۔ ایسی معیشتوں میں بے چینی کی صورتحال نہیں ہوتی۔ ملک میں اگر اچھی حکومت ہو تو امن و امان مثالی ہوتا ہے۔

ملکی اور غیر ملکی کرنسی کی مضبوطی اور طلب اور رسد دونوں معیشت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ملکی کرنسی کی قدر مضبوط ہوگی تو ملک کی اقتصادی صورتحال اچھی ہوگی۔ لیکن اس کے برعکس اگر ملکی کرنسی کمزور ہوگی تو صاف ظاہر ہے۔ معاشی حالات بگڑ جائیں گے اور غیر ملکی کرنسیاں اپنا اثر دکھانا شروع کر دیں گی۔ پاکستانی روپیہ چونکہ امریکی ڈالر کے ساتھ وابستہ ہے اس لئے بیرونی ادائیگیاں ڈالر کی صورت میں کرنی پڑتی ہیں اگر آپ کے ملک میں صنعتیں پھل پھول رہی ہوں۔ پیداوار ملکی ضرورت پوری کر رہی ہو اور اس کے ساتھ ساتھ ہم اپنی پیداوار کا مناسب حصہ برآمد کر رہے ہوں۔ صنعتی پیداوار عالمی منڈیوں میں اچھے داموں فروخت ہو رہی ہوں تو اس صورت میں حاصل ہونے والا زرمبادلہ ہمارے خزانے میں جمع ہوگا تو پھر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ملکی خزانے میں حقیقی اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسی معیشت کو اقتصادی لحاظ سے مضبوط کہا جائے گا۔ لیکن اگر سارا روپیہ بیرونی امداد اور قرضوں سے حاصل ہوا ہو تو پھر خزانہ بھرا بھی ہو تو یہ معیشت کی ترقی اور نشوونما نہیں کہلائے گی۔

اگر ملک کے اندر جائز طریقوں سے کمایا ہوا روپیہ خرچ ہوگا اور وہ ملک کے اندر گردش کرے گا تو معاشی لحاظ سے ملک ترقی کرے گا۔ اس کے برعکس اگر ناجائز دولت اکٹھے کرنے کا رواج ہوگا اور اس کو چھپایا جائے گا کرپشن کے ذریعہ دولت جمع کی جائے گی اور پھر اسے ناجائز ذرائع سے بیرون ملک منتقل کر دیا جائے تو معیشت تباہی کی طرف جائے گی۔

آجکل ایک نئی ٹرم Term استعمال ہو رہی ہے جو عالمی سطح پر مشہور ہو چکی ہے جس سے کوئی ملک بھی محفوظ نہیں ہے یہ "منی لانڈرنگ" اس کا آسان اور سادہ سا مطلب ہے رقم کو صاف کرنا یا جیسے دھوبی کپڑے دھوتا ہے۔ اسی طرح رقم کو دھونا کہا جا سکتا ہے اگر تفصیل میں جائیں تو اس کا مطلب ہوگا ایسی رقم جو کسی بھی ناجائز طریقے سے حاصل کی گئی ہو یا کمائی گئی ہو اسے جائز کرنا۔ یاد رہے بڑے پیمانے پر کمائی گئی رقم جو ناجائز ذرائع سے حاصل کی گئی ہو اس کو سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اگر اُسے جائز نہ بنایا جائے تو انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ اس کے متعلق تحقیق شروع کر دیتے ہیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی حرکت میں آ جاتے ہیں۔

ایک لحاظ سے منی لانڈرنگ کو وائٹ کالر جرائم کی فہرست میں رکھا جاتا ہے جو بھی رقم ناجائز طریقے اختیار کر کے کمائی جائے اس کو بلیک منی یا کالا دھن کا نام دیا جاتا ہے۔ جو رقم اکٹھی ہوتی ہے۔ وہ اسمگلنگ، ہنڈی یا حوالہ کے ذریعہ باہر کے ممالک میں بھجوا دی جاتی ہے۔ اس رقم کو جائز بنانے کے لئے بعد میں بینکوں کے ذریعہ ملک میں واپس منگوا لیا جاتا ہے۔ ناجائز دولت اکٹھی کرنے کے لئے کئی ذرائع استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ بیماری اب ملکوں سے نکل کر عالمی حیثیت اختیار کر گئی ہے۔ اس میں دنیا کی بڑی بڑی تنظیمیں سرگرم ہیں۔ مثلاً سمگلنگ، خرد برد، منشیات فروشی، رشوت، بدعنوانی، کرپشن، زمینوں اور جائیداد پر ناجائز قبضے کر کے ان اداروں کو رشوت دے کر آگے فروخت کر دیا جاتا ہے۔ اس میں جعلی رجسٹریاں، جعلی شناختی کارڈ، جعلی پاسپورٹ وغیرہ شامل ہیں۔ ان تمام ذرائع سے کمایا جانے والا روپیہ اگر ملکی بینکوں میں جمع کروایا جائے یا جائیدادیں بنائی جائیں تو ملکی ادارے ان رقوم کے بارے میں معلوم کرتے اور تحقیق کرتے ہیں کہ یہ اتنی غیر معمولی رقم کہاں سے آئی۔ دوسری طرف بینک کسی بھی غیر معمولی لین دین کی اطلاع سٹیٹ بینک کو دینے کے پابند ہیں اسی طرح جائیدادیں یا اپنے اثاثوں کو فروخت کرنا یا خریدنا یہ انکم ٹیکس اتھارٹی سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

منی لانڈرنگ کی ایک تاریخ ہے اس میں دلچسپ بات یہ ہے کہ ملکی بینک بھی اس میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ اس کی تازہ مثال کچھ سال پہلے کی ہے "بی سی سی آئی بینک" سکینڈل ہے اس بینک پر آپ غور کریں 7 ارب ڈالر کی منی لانڈرنگ میں مدد اور تعاون کرنے کا الزام تھا۔ اس کی تحقیق کے بعد اور ثابت ہونے پر یہ بینک بند کر دیا گیا۔ منی لانڈرنگ کوئی معمولی چیز نہیں ہے۔ اس کا چسکا جرائم پیشہ افراد کے علاوہ سربراہان مملکت اور مختلف ممالک کے سیاستدانوں کو بھی رہا ہے اور اب بھی یہ لوگ ملوث ہیں۔ اس میں ایک چین Chain ہوتی ہے جو اوپر سے لے کر نیچے تک اپنا اپنا حصہ حاصل کر کے بڑے لوگوں کے لئے کام ہوتا ہے۔

غور کرنے کی بات یہ ہے کہ منی لانڈرنگ آخر کیوں کی جاتی ہے اس کی بہت سی وجوہات اور عوامل ہیں۔ ایک تو بڑے بڑے لوگ ترقی یافتہ ممالک میں اپنی ناجائز دولت اکٹھی کرتے ہیں اور پھر ان ممالک میں جا کر عیش و عشرت والی زندگی گزارتے ہیں۔

دوسرا بعض لوگ اپنی ناجائز دولت کو باہر کے ملکوں میں منتقل کر کے پھر وہاں سے بینکوں کے ذریعہ اپنے ملک میں واپس لاتے ہیں تا کہ یہ جائز بن جائے یعنی کالا دھن سفید ہو جائے۔ اس کے علاوہ چونکہ پاکستانی کرنسی بین الاقوامی طور پر ڈالر کے ساتھ منسلک ہے اس لئے ڈالر کو ملک سے باہر مختلف طریقوں سے سمگل کر دیا جاتا ہے تا کہ اس کی ملک میں قلت پیدا ہو جائے اور ڈالر کی قدر بڑھ جائے۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستان سے روزانہ تقریباً 10 سے 12 ملین ڈالر باہر کے ممالک میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ ایک گروہ ایسا بھی ہے جو ملک میں ڈالر کی قدر عارضی طور پر کم کر دیتا ہے اور مارکیٹ سے ڈالر اٹھا لیا جاتا ہے اور جیسے ہی اس عارضی قلت کے بعد ڈالر کی قدر بڑھتی ہے اسے فروخت کر کے کروڑوں روپے کما لیتا ہے۔

منی لانڈرنگ کے کسی بھی معیشت پر بڑے خطرناک اثرات پڑتے ہیں ہنڈی، جعلی ایکسپورٹ امپورٹ بل بنتے ہیں۔ کرنسی سمگل کر دی جاتی ہے۔ منی لانڈرنگ سے کرپشن جیسی لعنت ملک میں عروج پکڑتی ہے۔ جرائم میں ہولناک اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی تجارت اور سرمایہ کاری پر منفی اثرات پڑتے ہیں۔

منی لانڈرنگ کرنے کے مختلف طریقے ہیں اور مختلف ذرائع ہیں۔ زمینی طور پر اسی طرح ہوائی اڈوں، سمندری راستوں کے ذریعہ کرنسی کی سمگلنگ ہوتی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق جتنی کرنسی ان راستوں پر پکڑی جاتی ہے اس سے کہیں زیادہ سمگل ہو جاتی ہے۔

بعض اوقات حکومت کے مالیاتی اداروں کی طرف سے یہ اعلان ہوتا ہے کہ ملک میں ترسیل کی شرح میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ معاشیات کے لحاظ سے اس کا جائزہ لینا بہت ضروری ہے کہ یہ جو اضافہ ہوتا ہے یا ہو رہا ہے اس میں زیادہ حصہ اس کالے دھن کا ہے جو ملک سے باہر بھیجا گیا اور اب واپس کر کے اس کو سفید بنایا جا رہا ہے۔ ایک خبر کے مطابق پاکستان میں ترسیل زر (Remittance) کی مد میں 17 ارب ڈالر کا زرمبادلہ آیا۔ اس کے ساتھ ساتھ بذریعہ بینکوں کے اعداد و شمار کے مطابق ڈالرز زرمبادلہ کی صورت میں پاکستان میں 20 ارب کے قریب آئے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس میں قانونی اور غیر قانونی طور پر زرمبادلہ شامل ہے۔

پاکستان میں ایک قانون موجود ہے۔ پاکستان میں آنے والی آمدنی ٹیکس سے مستثنیٰ ہے۔ پاکستان میں ایسے ایجنٹوں کی تعداد ہزاروں میں ہے جو ایک سے دو فیصد یا بعض اوقات ڈیڑھ فیصد تک کمیشن لے کر ناجائز رقم باہر بھجواتے ہیں اور پھر بینکوں کے ذریعہ یہ رقم ترسیل کی صورت میں ملک میں آ جاتی ہے۔ اس طرح کئی ایک فوائد حاصل کئے جاتے ہیں۔ ایک تو یہ رقم جائز ہو جاتی ہے اور سب سے زیادہ فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اس پر ٹیکس لاگو نہیں ہوتا یہ قانون 1990ء میں بنایا گیا۔

لیکن ایسے حالات میں ایک بات قابل غور اور فکر مندی والی ہے کہ حکومت ترسیلات اور سمندر پار پاکستانیوں کی جانب سے ملک میں بھجوائی جانے والی رقوم کو ایک ہی تصور کرتی ہے حالانکہ ترسیلات میں کرپشن کا پیسہ بھی شامل ہوتا ہے۔ ماہرین معاشیات نے یہ اندازہ لگایا ہے اور اعداد و شمار جو اکٹھے کئے گئے کہ ان میں 90% کرپشن کی رقوم ہیں اور 10% ورکرز ترسیل زر (Remittances) ہیں۔ ملک کے اندر اور ہوائی اڈوں پر کرنسی کی سمگلنگ روکنے کے لئے بہت سے ادارے کام کر رہے ہیں۔ خاص طور پر جب سٹیٹ بینک آف پاکستان یا کسی کمرشل بینک کی طرف سے ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بڑی رقوم یا غیر معمولی رقوم سمگل ہونے والی ہے تو یہ ادارے حرکت میں آتے ہیں۔ اصل میں یہ جال اتنا پھیلا ہوا ہے کہ منی لانڈرنگ باقاعدہ ایک دوسرے کے تعاون سے ہوتی ہے جب ایک پارٹی کو دوسرے فریق سے کمیشن نہیں ملتا تو وہ آگے اداروں کو انتقاماً اطلاع کر دیتے ہیں اس طرح ایک دو کیس پکڑے جاتے ہیں وہ بھی کارروائی ڈالنے کے لئے ورنہ منی لانڈرنگ مسلسل مختلف ذرائع سے ہو رہی ہے اور ملکی معیشت کمزور ہو رہی ہے بلکہ برآمدات اور درآمدات پر منفی اثرات پڑتے ہیں اور پڑ رہے ہیں۔ ملک میں پیسے کی منصفانہ تقسیم نہیں ہو رہی۔ سرمایہ کاری کی گراف نیچے گر رہا ہے اور معاشی سرگرمیاں کافی حد تک معطل ہیں۔

اگر ملکی قوانین کو دیکھا جائے تو کوئی ایک شخص یا ادارہ کاروبار، تجارت اور خریداری کے لئے زائد رقم بیرون ملک لے جانا چاہے تو وہ 10 ہزار ڈالر یا اس کے برابر غیر ملکی کرنسی لے جا سکتا ہے اس کے لئے اسے کسی اجازت کی ضرورت نہیں۔ بذریعہ بینک وہ بیرون ملک بینک میں ہی رقم بھیجنا چاہتا ہے تو وہ 10 ہزار ڈالر تک منتقل کر سکتا ہے۔ اس پر کوئی پوچھ گچھ نہیں۔ اس ایک ٹرانزیکشن پر تقریباً 27 ڈالر کے قریب بینک چارجز آتے ہیں۔ اگر اس سے زائد رقم باہر بھجوانا چاہتا ہے تو اس کا ثبوت باقاعدہ طور پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو دینا پڑتا ہے مثلاً اگر کسی نے جائیداد فروخت کی ہو اور وہ یہ رقم بیرون ملک جائیداد خریدنے کے لئے یا کسی اور مقصد کے لئے منتقل کرنا چاہتا ہے تو وہ جائیداد فروخت کرنے کا ثبوت پیش کرے گا۔

افغانستان ایک ایسا ملک ہے جہاں پاکستانی کرنسی لے جانے کی کوئی حد نہیں کیونکہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت پاکستانی کرنسی میں بھی ہوسکتی ہے ایک اور بات قابل غور ہے کہ ملک میں جتنا مرضی زرمبادلہ لایا جاسکتا ہے۔ لیکن جس ملک سے یا بینک کے ذریعہ آرہا ہو ان کے قوانین کے اندر ہو۔

سب سے زیادہ ڈالر کی سمگلنگ افغانستان اور پاکستان کی سرحد پر ہو رہی ہے یہاں چونکہ کوئی باقاعدہ چیکنگ کا انتظام نہیں طورخم کا سرحدی علاقہ اس کے لئے زرخیز ہے۔

مرکزی بینک اس بات پر زیادہ زور دیتا ہے کہ ملک سے باہر کتنا پیسہ جارہا ہے کیونکہ کوئی فرد فارن ایکسچینج اکاؤنٹ سے بزنس یا درآمد برآمد نہیں کرسکتا کیونکہ آگے دوسرے ممالک کے اپنے قوانین ہیں۔ ملکی قوانین کے مطابق پاکستان میں اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کا پابند ہوتا ہے کہ وہ ایکسچینج کی مد میں اسٹیٹ بینک کو ساری تفصیلات دے لیکن اس بات پر عمل نہیں ہو رہا۔

سٹیٹ بینک کو یہ اختیار حاصل ہے (فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ) کے تحت کسی بھی وقت فارن کرنسی اکاؤنٹ منجمد کر کے اسے استعمال کرسکتا ہے۔ 28 مئی 1998ء میں جب پاکستان نے ایٹمی دھماکے کئے تو اسٹیٹ بینک نے تمام فارن کرنسی اکاؤنٹ منجمد کر کے ان میں موجود امریکی ڈالرز 46 روپے فی ڈالر کے حساب سے فروخت کر دیئے تھے اور یہ رقم ان ایٹمی دھماکوں کی مد میں لگی۔ اس صورتحال کے پیش نظر کافی عرصہ تک لوگوں کا فارن کرنسی اکاؤنٹ پر سے اعتماد اٹھ گیا۔

منی لانڈرنگ کے لئے ایک اور طریقہ استعمال کیا جارہا ہے یعنی درآمدات اور برآمدات کے لئے جعلی دستاویزات کا سہارا لیا جارہا ہے اس میں زیادہ تر جعلی ’’ای فارم‘‘ کا استعمال بہت زیادہ ہوگیا ہے۔ کسٹمز حکام کا یہ فرض ہے کہ جب بھی بھاری مالیت کے ’’ای فارم‘‘ کے ذریعہ رقم کو باہر منتقل کیا جارہا ہو یہ درآمدات اور برآمدات کی صورت میں ہے تو اس کے لئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے رابطہ کریں۔

کرنسی کے علاوہ سونے، چاندی کے زیورات، ہیرے جواہرات کی درآمد کیلئے قانون موجود ہے۔ جو ’’ٹریڈ کنٹرول ریگولیشن‘‘ کے نام سے لاگو ہے۔ اب ہم ان قوانین کا جائزہ لیتے ہیں جو وقتاً فوقتاً رائج رہے اور ان کا ملکی معیشت پر کیا اثرات پڑے۔

مثلاً ایک قانون ملک سے کرنسی باہر لے جانے کے لئے 1947ء میں بنایا گیا جسے ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ کا نام دیا گیا اس کے بعد 1992ء میں ’’اکنامک ریفارمز ایکٹ‘‘ کو مزید فعال بنانے کے لئے سیکشن 4 لاگو کیا گیا جس کا نام PARA یعنی پروٹیکشن آف اکنامکس ریفامز ایکٹ آیا یہ قانون ہر پاکستانی شہری کو اجازت دیتا ہے کہ وہ فارن کرنسی ایکسچینج کو خریدنے یا فروخت کرنے میں آزاد ہوگا۔ یہ ایکٹ ’’آئی ایم ایف‘‘ کے کہنے پر جاری ہوا۔ اس ایکٹ کے تحت کوئی بھی ایجنسی یا ادارہ باہر جانے والے مسافروں کی آمدنی کے ذرائع اور فارن کرنسی کے بارہ میں کوئی تحقیق نہ کرسکتا تھا۔ اس کی وجہ سے پاکستانی معیشت کو تقریباً 9 بلین ڈالر کا نقصان اُٹھانا پڑا۔

28 مئی 1998ء کو پاکستان نے ایٹمی دھماکے کئے اور ساتھ ہی پاکستان پر اقتصادی پابندیاں لگ گئیں اس دوران ’’فارن ایکسچینج ٹمریری ریسٹرکشن آرڈیننس‘‘ جاری ہوا یعنی PETRO اس کے تحت تمام فارن کرنسی اکاؤنٹ جامد کر دیئے گئے اور 1992ء کا ایکٹ واپس لے لیا گیا۔ اس طرح پاکستانی شہری ملک سے باہر جاتے وقت 10 ہزار ڈالر اجازت کے بغیر ساتھ لے جاسکتے تھے۔ 1992ء میں امریکی ڈالر 24 روپے کا تھا اور چھ سال بعد 1998ء میں 64 روپے کا ہوگیا۔

خلاصہ یہ ہے کہ منی لانڈرنگ کسی بھی معیشت کے لئے خطرناک صورتحال پیدا کر دیتی ہے پورا معاشرہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتا ہے مجرمانہ سرگرمیاں تیز ہوجاتی ہیں۔ کرپشن عروج پر پہنچ جاتی ہے اور قومی وقار کو زبردست دھچکا لگتا ہے۔ ملک کی اندرونی اور بیرونی دونوں سرحدیں کھلی ہونا شروع ہوجاتی ہیں اور دشمن ایسے حالات سے خوب فائدہ اٹھاتا ہے۔ اخلاقی طور پر پورا معاشرہ زوال کا شکار ہوجاتا ہے۔

☆..................☆..................☆

مکرم سید سعید الحسن شاہ صاحب

استاذی المکرّم چوہدری محمد علی صاحب مضطر عارفی

جامعہ میں ہماری کلاس وہ پہلی خوش قسمت کلاس تھی جس نے آپ سے انگریزی سیکھنی شروع کی۔ مکرم چوہدری صاحب انتہائی شفقت سے پیش آتے ایک دن جامعہ سے واپس دارالضیافت پہنچے تو چوہدری صاحب سے ٹاکرا ہوگیا ایک دوست سے پوچھا کہ پڑھائی کیسی جارہی ہے اس نے بتایا کہ ٹھیک ہے پھر کہا کہ ہمیں صبح کے وقت ناشتے کی دقت ہے بعض اوقات بھوکے پیٹ ہی جانا پڑتا ہے۔ اس لئے پرابلم بنتی ہے مکرم چوہدری صاحب ہمدردی کا اظہار کرنے لگے تو وہی دوست جو نئے نئے کالج سے جامعہ میں آئے تھے کہنے لگے اگر یہ معاملہ ٹھیک نہ ہوا تو ہم سٹرائیک کریں گے۔ ابھی ان کی زبان سے یہ الفاظ نکلے ہی تھے کہ مکرم چوہدری صاحب کا رنگ سرخ ہوگیا اور پھر انتہائی اونچی اور رعب دار آواز میں کہنے لگے پتہ ہے آپ کیا کہہ رہے ہو۔ آپ کو پتہ ہے کہ حضرت مسیح موعود نے اپنے پوتے کو جماعت سے نکال دیا تھا جماعت میں سٹرائیک کا کوئی تصور نہیں۔ تھوڑی دیر کو غصہ ٹھنڈا ہوا تو بڑی محبت سے سمجھانے لگے دیکھیں آپ تو انتہائی اعلیٰ مقصد کے لئے جامعہ میں آئے ہیں آپ تو لوگوں کو دین سکھانے کے لئے یہاں آئے ہیں جماعت میں سٹرائیک کا کوئی تصور نہیں ہر حال میں اطاعت کا حکم ہے ہر حال میں اطاعت کرنی ہے مکرم چوہدری صاحب کا دیا ہوا یہ سبق ساری عمر کے لئے ہم سب پر گہرے نقوش ثبت کر گیا اور خاکسار اس واقعہ کو کبھی بھی بھلا نہ سکا۔

چوہدری صاحب کی دوسری بہت بڑی خوبی خلافت کی انمٹ اطاعت تھی۔ مکرم چوہدری صاحب ہمارے جامعہ میں داخلے سے لے کر مربی بننے تک ہماری کلاس کو انگریزی پڑھاتے رہے لیکن چوہدری صاحب نے انگریزی کم اور خلافت زیادہ پڑھائی ان کا ہر جملہ ہر لفظ خلافت کی محبت میں ڈوبا ہوا ہوتا تھا اور ہم جیسے سننے والوں کی روحوں میں اترتا جاتا تھا۔ خاکسار ان لمحات کو کبھی بھی نہیں بھلا سکتا جب کلاس میں خلفاء کا اور بالخصوص حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا ذکر کرتے ہوئے چوہدری صاحب پر اتنی محبت غالب آجاتی کہ مارے محبت کے خاموش ہو جاتے لب صرف پھڑ پھڑاتے لیکن اس پری وش کا ذکر کرنے سے قاصر ہوجاتے ان مواقع پر چوہدری صاحب کا چہرہ جذبات کی ترجمانی کرتا نظر آتا۔ بعد میں یہ نظارہ بعض دفعہ مشاعروں میں بھی نظر آیا۔

خطبہ جمعہ فرمودہ 21/اگست 2015ء میں حضور انور ایدہ اللہ نے مکرم چوہدری صاحب کا ذکر خیر کیا اور ان کی خلافت سے وفا کا خاص ذکر ہوا اس ضمن میں چوہدری صاحب کی اس نصیحت کا ذکر بھی فرمایا جو انہوں نے ہمارے کلاس فیلو مکرم ریاض ڈوگر صاحب کو کی کہ آپ مربی بن گئے ہیں جماعتوں میں جارہے ہیں سب کچھ برداشت کر لینا لیکن خلافت کے متعلق کوئی بات برداشت نہ کرنا اور دراصل یہی چوہدری صاحب کی زندگی کا خلاصہ تھا۔

مکرم چوہدری صاحب کی شخصیت کا ایک اہم پہلو اپنے شاگردوں کے ساتھ انتہائی شفقت سے پیش آنا تھا خاکسار جیسے کتنے ہی دیہاتوں سے آنے والے تھے جن کو انگریزی سے صرف شدبد ہی تھی لیکن چوہدری صاحب کی ذاتی توجہ کی وجہ سے یہ مشکل آسان ہوگئی۔ جامعہ کے ابتدائی دنوں کی بات ہے ابھی خاکسار دارالضیافت میں تھا اور چوہدری صاحب بھی وہیں ٹھہرے ہوئے تھے شام کا وقت تھا خاکسار ایک دو دوستوں کے ساتھ ان کی خدمت میں حاضر ہوا چوہدری صاحب بی بی سی پر انگریزی میں خبریں سن رہے تھے سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر ہماری طرف متوجہ ہوئے خاکسار نے عرض کیا کہ انگریزی کی تو سمجھ نہیں آتی بڑی محبت سے کہنے لگے پریشان نہ ہوں محنت کریں اور مددگار چیزیں استعمال کریں روزانہ انگریزی اخبار کی ایک خبر کو پڑھیں اور مشکل الفاظ کو نوٹ کریں اس طرح Vocabulary بھی بڑھے گی اور آپ کی انگلش بہتر ہو جائے گی پھر کہا کہ روزانہ بی بی سی سنا کریں اس طرح آپ کو انگریزی آجائے گی اور پھر بڑی شفقت سے اپنا ریڈیو مجھے پکڑا دیا کہ ابھی سے سننا شروع کریں۔

چوہدری صاحب کی انکساری بعض دفعہ اتنی بڑھتی تھی کہ شرمندگی ہوتی تھی۔ بعض دفعہ کلاس میں فرماتے آپ لوگ تو اصل جہاد کرنے آئے ہیں ہم تو صرف لہو لگا کے شہیدوں میں شامل ہو رہے ہیں۔

بعد میں آہستہ آہستہ ادراک ہوا کہ یہ تو کوہ وفا ہیں جن کا ہر لمحہ جماعت کے لئے تھا صرف منکسر المزاج ہیں دراصل ان کے اس پہلو کا احاطہ ممکن نہ تھا۔

خاکسار کے والد سید حمید الحسن شاہ صاحب مرحوم نے مکرم چوہدری صاحب کی بہت سی نظمیں پنجابی اور اردو کی پڑھیں خاص طور پر میں صد سالہ خلافت جوبلی کے مشاعروں میں جن میں سے اکثر یوٹیوب اور جماعت کی ویب سائٹس پر دستیاب ہیں اس وجہ سے مکرم چوہدری صاحب کے ساتھ ایک پیار کا تعلق ہوگیا جب اباجی فوت ہوئے تو خاکسار تو گیمبیا میں تھا۔ چھوٹے بھائی نے چوہدری صاحب کو اطلاع دی کہ والد صاحب حمید الحسن شاہ فوت ہو گئے ہیں۔ تو کہنے لگے میرے ذہن میں اس نام کا کوئی وجود نہیں آرہا جب بھائی نے مزید کہا کہ وہ جو آپ کی نظمیں پڑھتے تھے کہنے لگے کیا آپ حمید الحسن شاہ سمبڑیال والوں کی بات تو نہیں کر رہے بھائی نے اثبات میں جواب دیا تو بے ساختہ کہنے لگے آج حمید الحسن فوت نہیں ہوا محمد علی فوت ہوگیا ہے پھر بڑی انکساری اور محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہنے لگے انہوں نے تو مجھے نام دیا تھا انہوں نے تو مجھے ساری دنیا میں متعارف کروایا تھا۔

مکرم چوہدری صاحب کی کتاب اشکوں کے چراغ کی افتتاحی تقریب میں والد صاحب نے ان کی تین چار نظمیں بہت اچھی پڑھیں تو بہت متاثر ہوئے اور نہایت انکساری سے کہنے لگے (ان کا یہ تبصرہ ایم۔ٹی۔اے کے ذریعے ساری دنیا نے سنا) آپ نے بہت اچھا پڑھا اور میرے دل کا بوجھ ہلکا کر دیا آپ نے بہت اچھا پڑھا ہے مجھے یوں محسوس ہوا کہ یہ نظمیں آج پہلی دفعہ سن رہا ہوں۔

اللہ کرے کہ ایسے وجود ہمیشہ خلافت کو عطا ہوتے رہیں اور اللہ تعالیٰ ہم میں بھی اطاعت کی وہ روح پیدا فرمائے جو استاذی المکرّم کی زندگی کا خاصا تھی۔

بقیہ از صفحہ 3: حضرت مسیح موعود کا عشق قرآن

پڑھی گئی اگر عیسائیوں پر پڑھی جاتی تو وہ ہلاک نہ ہوتے اور یہ نعمت اور ہدایت جو تمہیں دی گئی اگر بجائے توریت کے یہودیوں کو دی جاتی تو بعض فرقے ان کے قیامت سے منکر نہ ہوتے پس اس نعمت کی قدر کرو جو تمہیں دی گئی۔ یہ نہایت پیاری نعمت ہے، یہ بڑی دولت ہے، اگر قرآن نہ آتا تو تمام دنیا ایک گندے مضغہ کی طرح تھی قرآن وہ کتاب ہے جس کے مقابل پر تمام ہدایتیں ہیچ ہیں‘‘۔ (کشتی نوح ص 26)

اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن کے تمام احکامات کی پیروی اس پر تدبر، تفکر اور اس سے عشق و محبت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

رپورٹ: مکرم انصر عباس صاحب

بینن کے شہر باسیلا میں بیت الذکر کا افتتاح

باسیلا بینن کے صوبہ ڈونگا (Donga) کا دس ہزار کی آبادی پر مشتمل شہر ہے۔اس شہر میں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں اور زیادہ آبادی غیر از جماعت کی ہے۔باسیلا شہر میں جماعت احمدیہ کا ریجنل ہیڈکوارٹر ہے۔یہاں کے پہلے مرکزی مربی سلسلہ مکرم قمر رشید صاحب تھے جنہوں نے یہاں بیت الذکر اور ریجنل ہیڈکوارٹر کے لئے جگہ خریدی تھی جو مین روڈ کے کنارے 1200 مربع میٹر پر مشتمل ہے۔باسیلا شہر میں جنوری 2015ء میں باقاعدہ طور پر جماعت کا قیام عمل میں آیا۔17/اپریل 2015ء کو بیت الذکر کی تعمیر کا کام شروع ہوا اور دو ماہ سے کم مدت میں تعمیر کا کام مکمل ہوا۔بیت الذکر کا مسقّف حصہ 198 مربع میٹر ہے۔بیت الذکر کے گرد چار دیواری بھی بنائی گئی ہے اور سامنے کی طرف گرل لگائی گئی ہے۔اس جگہ ایک خوبصورت 20 میٹر اونچا مینار بھی ہے۔جو کئی کلومیٹر دور سے نظر آتا ہے۔

اسی طرح اس کے احاطہ میں ایک لائبریری اور دفتر اور خادم بیت الذکر کا کمرہ بھی بنایا گیا ہے اور اس کے سامنے ایک بڑا جماعت کا سائن بورڈ بھی لگایا گیا۔

14 جون 2015ء کی صبح باسیلا ریجن کی جماعت چریماں کے افتتاح کے بعد مکرم محمد شریف عودہ صاحب نمائندہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز شام ساڑھے چار بجے بیت الذکر پہنچے۔احباب جماعت کے علاوہ علاقہ سے کثیر تعداد میں احمدی اور عیسائی بھی بیت الذکر کے افتتاح کے لئے موجود تھے۔اس علاقہ کے مئیر کا نمائندہ، غیر از جماعت مسجد کا امام کا نمائندہ، چیف آرمی کا نمائندہ، پولیس کا نمائندہ، مختلف اداروں کے ڈائریکٹرز، عیسائی چرچ سلیسٹ کا پادری اور دیگر بہت سی سیاسی اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور معزز مہمانوں کو تاثرات کے لئے بلایا گیا۔معزز مئیر کے نمائندہ نے کہا کہ ہماری مئیرّی کے قریب ایک خوبصورت بیت الذکر تمام اہل علاقہ کو مبارک ہو۔اتنی کم مدت میں اتنی بڑی اور خوبصورت بیت الذکر کا بنانا جماعت احمدیہ کا اہل علاقہ پر احسان ہے۔مئیر صاحب کسی ضروری کام کی وجہ سے شامل نہ ہوسکے تھے۔اس لئے مجھے اس پروگرام میں شامل ہونے کی سعادت ملی۔ہم معزز نمائندہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

نمائندہ امام سنٹرل نے کہا کہ احمدیہ جماعت کی ہمیں اپنی بیت الذکر کے افتتاح پر بلانے کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ یہ بیت الذکر تمام اہل علاقہ کے لئے مبارک کرے۔

عیسائی چرچ سلیسٹ کے پادری نے کہا کہ جب مجھے بیت الذکر کے افتتاح کا دعوت نامہ ملا تو مجھے بڑی حیرانی ہوئی کہ......تو ہم سے بہت نفرت کرتے ہیں۔یہ کون سا دین ہے جو ایک عیسائی چرچ کو بھی اپنی طرف بلاتا ہے۔مجھے یہاں آکر بہت خوشی ہوئی ہے۔یہ بھائی چارہ کی فضا مجھے بہت اچھی لگ رہی ہے۔جماعت احمدیہ کا پیار اور بھائی چارہ دیکھ کر ہم بھی مجبور ہوئے ہیں کہ آئندہ اپنے پروگراموں میں ہم بھی جماعت احمدیہ کو مدعو کیا کریں اور یہ بھائی چارہ مزید فروغ پائے گی۔

زے (Ze) کے بادشاہ نے کہا کہ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ لوگ جماعت احمدیہ کی مخالفت کیوں کرتے ہیں آج جماعت احمدیہ ہی تو دین کا پیغام دنیا کے کناروں تک پہنچا رہی ہے۔میں ایک سال پہلے تک بتوں کی پوجا کرتا اور کرواتا تھا۔میں مشرکوں کا بادشاہ تھا۔جماعت احمدیہ کے مربی نے میری سوچ کو بدل دیا اور دین کا صحیح چہرہ مجھے دکھایا تو میں دین حق میں داخل ہوگیا۔یہ بیت الذکر تمام لوگوں کے لئے کھلی ہے اللہ کی عبادت کے لئے اگر ایک عیسائی بھی اس جگہ میں آئے گا تو اس کو روکا نہیں جائے گا۔

مانگری کے بادشاہ نے تمام اہل علاقہ کو مبارکباد دی اور معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔بادشاہ سلامت نے کہا کہ ہمارے گاؤں میں احمدیت کی بڑی مخالفت کی گئی لیکن محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت قائم ہوئی اور ترقی کرتی چلی جارہی ہے۔

مکرم امیر صاحب بینن مکرم رانا فاروق احمد صاحب نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور معزز مہمان کا تعارف کروایا جس کے بعد مکرم شریف عودہ صاحب نے اہل علاقہ کو بیت الذکر کی مبارکباد دی اور خطاب کیا۔

تقریر کے بعد افتتاح کے لئے تختی کی نقاب کشائی کی اور فیتا کاٹا اور دعا کروائی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ بیت الذکر احمدیت کی ترقی کے لئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہو اور اس کی روشنیاں ہر سُو پھیلیں۔آمین

مکرم خالد اقبال صاحب

میری والدہ محترمہ شریفہ حمید صاحبہ

آپ 1937ء میں بمقام لائل پور (فیصل آباد) پیدا ہوئیں۔میری والدہ شیریں کے نام سے زیادہ پہچانی جاتی تھیں۔اصل نام شریفہ حمید تھا۔میرے نانا جان محترم ڈاکٹر میاں عبدالحمید صاحب جو کہ ریلوے میں بطور چیف میڈیکل آفیسر ملازمت کر رہے تھے۔ان کا حضرت مصلح موعود سے بہت قریبی تعلق تھا۔میری امی جان چار بھائیوں کی اکلوتی بہن تھیں۔ادھر صاحبزادی امتہ المتین صاحبہ حضرت مصلح موعود کی چھوٹی آپا سے ایک بیٹی تھیں اور میری والدہ سے کچھ ہی بڑی تھیں اس وجہ سے حضرت مصلح موعود نے دونوں کو دوپٹہ بدل بہنیں بنایا ہوا تھا۔ میری نانی جان حمیدہ اختر صاحبہ محترم ہدایت اللہ صاحب آف گجرات کی بیٹی تھیں اور میاں محمد یوسف صاحب پرائیویٹ سیکرٹری حضرت مصلح موعود کی ہمشیرہ تھیں۔اور نانا جان مکرم میاں نظام الدین صاحب جو کہ رؤسا لاہور میں سے تھے کے بیٹے تھے۔اس طرح سے دونوں گھرانے ایسے تھے جن میں نفاست اور خاندانی رکھ رکھاؤ شامل تھا۔تکبر نام کی کوئی شئے نہ تھی۔میرے نانا خاندانی لحاظ سے امیر تھے مگر اُتنے ہی زیادہ غریب پرور بھی تھے۔بطور ڈاکٹر غریبوں کا علاج نہ صرف مفت کرتے تھے بلکہ ان کو اپنی جیب سے دوائی بھی دیتے تھے۔انہوں نے اپنے بچوں کی پرورش بھی اس انداز میں کی کہ ان میں تکبر نام کی کوئی چیز نہ تھی۔

میرے نانا جان اور نانی جان نے اپنے بچوں میں نظم وضبط کوٹ کوٹ کر بھرا تھا۔ بڑوں کا ادب اور چھوٹوں کی عزت اور پیار کرنا ان سب بہن بھائیوں میں بہت زیادہ تھا۔ نانا جان نے اپنی اولاد کی تعلیم پر بھی خوب توجہ دی تھی۔اچھے سکولوں میں تعلیم دلوائی۔ پڑھائی میں بہت اچھی تھیں۔روز کا کام روز کرنا ان کی عادت تھی اور یہی عادت ان سے ہم بھائی بہنوں میں آئی۔کبھی ایسا نہیں ہوا کہ امتحان کے دنوں میں رات کو زیادہ دیر تک پڑھنا پڑا ہو۔ مجھے اور میری بہنوں کو امی جان نے خود قرآن مجید پڑھایا۔ امی جان کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ کام صاف ستھرا اور بہت تیزی سے کرتی تھیں ان کی عادت میں کام لٹکانا نہیں تھا۔ میرے ابی جان اپنی ملازمت کے سلسلہ میں بھلوال ضلع سرگودھا میں تھے اور ہم لوگ کراچی میں تھے۔ امی جان ڈرائیونگ جانتی تھیں وہ خود ہمیں سکول چھوڑ کر آتیں اور واپس لے کر آتی تھیں۔گھر میں عمدہ سے عمدہ کھانے بناتیں۔سلائی کڑھائی کا بھی بہت شوق تھا۔ان کے بنائے ہوئے کپڑے آج بھی موجود ہیں۔یہی نہیں بلکہ اپنے حلقہ میں بھی ہر دل عزیز تھیں اور فوراً ہی محفل کی جان بن جاتی تھیں۔کیا رشتہ دار اور کیا عزیز واقارب سب کی عزت کرتیں اور سب ان کی عزت کرتے۔ ذہین بھی بہت تھیں بات کو گہرائی تک فوراً سمجھ جاتی تھیں۔اور پھر مشورہ بھی اچھا دیتی تھیں۔ہم بچوں کے ساتھ بہت پیار اور دوستانہ رویہ تھا مگر رعب بھی تھا۔ ان کی بہت سی خوبیوں میں سے ایک خوبی یہ تھی کہ انہوں نے کبھی اِدھر کی بات اُدھر نہیں کی۔ اسی وجہ سے بہت سی خواتین ان سے رازداری کی باتیں کرتی تھیں۔اور اگر بلکہ اکثر ان سے مشورہ مانگا جاتا تو ہمیشہ موقع کی مناسبت سے درست مشورہ دیا۔کبھی کسی کا دل نہیں دکھایا۔صدر لجنہ کے طور پر خدمات دین کی توفیق ملتی رہی۔1977 میں ابی جان ملازمت کے سلسلہ میں ایران گئے تو یہ بھی ساتھ گئی تھیں۔تہران میں ایک سال تک صدر لجنہ رہیں۔

1979ء میں ابی جان کی ملازمت ایران سے پاکستان تبدیل ہونے کی وجہ سے کراچی آ گئیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 1981ء میں لجنہ کراچی کی ایک چار رکنی کمیٹی تشکیل دی تھی اس میں ایک خوش قسمت یہ بھی تھیں۔دسمبر 1981ء میں ابی جان کی ملازمت کراچی سے لاہور میں تبدیلی کی وجہ سے لاہور آ گئیں اور پھر لاہور میں ہی رہیں۔ یہاں پر حلقہ جنوبی چھاؤنی کی صدر لجنہ کے طور پر 1984ء سے 1992ء تک خدمت انجام دیں۔ دعوۃ الی اللہ کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتیں۔صوم وصلوٰۃ کی پابند تھیں۔کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ بھی تھا۔دو دفعہ 1972ء اور 1976ء میں کینسر کا آپریشن ہوا مگر دونوں بار اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور آپ کو صحت ہوئی۔ گھر کو ہمیشہ جنت بنایا۔اگر کسی بات پر ابی جان ناراض ہوتے تو اس وقت خاموش رہتیں مگر بعد میں بڑے آرام سے ابی جان کو بتاتیں کہ کیا بات تھی اور کیا بات نہ تھی۔ 57 سال کی عمر میں انتہائی مختصر بیماری کے بعد مئی 1994ء میں آپ کی وفات ہوئی۔موصیہ ہونے کے باعث آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔1972ء میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے عمرہ کرنے کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 120507 میں Ucin Basirudin

ولد Wanta Warsa قوم.... پیشہ کاروبار عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Kuningan ضلع وملک Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1 دسمبر 2013 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے ۔(1) Land (2) Building۔اس وقت مجھے مبلغ 10 لاکھ روپے انڈونیشین ماہوار بصورت Busines مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔ Ucin Basirudin گواہ شد نمبر 1۔ Maman Ahmadi S/O Wanta Warsa گواہ شد نمبر 2۔ Sukri A. S/O Suparta Toyib

مسل نمبر 120508 میں Duryat Rais

ولد Rais Sakyadi قوم.... پیشہ کاروبار عمر 40 سال بیعت 1996 ساکن.... ضلع وملک Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 13 دسمبر 2013 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) Land 105sqm (2) Building اس وقت مجھے مبلغ 10 لاکھ روپے انڈونیشین ماہوار بصورت Busines مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Duryat Rais گواہ شد نمبر 1۔ Sarja Wijaya S/O Wijaya گواہ شد نمبر 2۔ Abd.Rosid S/O Bado

مسل نمبر 120509 میں Agus Suryana

ولد Ade Ruhyat قوم.... پیشہ کاروبار عمر 31 سال بیعت 2005 ساکن.... ضلع وملک Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 5 مئی 2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) Land And House اس وقت مجھے مبلغ 7 لاکھ 40 ہزار روپے انڈونیشین ماہوار بصورت Busines مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔ Agus Suryana گواہ شد نمبر 1۔ Ahdan Ahmadi S/O Suhendi گواہ شد نمبر 2۔ Tahir Ahmad S/O Ahmad Suryana

مسل نمبر 120510 میں Rizki Rahayu

ولد Roshidin قوم.... پیشہ کاروبار عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن.... ضلع وملک Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاری 8 جنوری 2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ 5 لاکھ روپے انڈونیشین ماہوار بصورت Busines مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔ Rizki Rahayu گواہ شد نمبر 1۔ Mulyana Ahmad S/O Ijun گواہ شد نمبر 2۔ Basirudin Ahmad S/O Toyib

مسل نمبر 120511 میں Zuhriah

زوجہ Abdul Hamid قوم.... پیشہ خانہ داری عمر 38 سال بیعت 1996 ساکن.... ضلع وملک Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10 دسمبر 2013 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔حق مہر (ادائیگی زیور) 5gm 20 لاکھ روپے انڈونیشین۔اس وقت مجھے مبلغ 3 لاکھ 50 ہزار روپے انڈونیشین ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامۃ۔ Zuhriah گواہ شد نمبر 1۔ Dodi Kurnia Wan S/O U.Sastara suryadi گواہ شد نمبر 2۔ Suryana S/O Jumriya

مسل نمبر 120512 میں Dewi Noviy Anti

زوجہ Yadlifoiali قوم.... پیشہ خانہ داری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن.... ضلع وملک donesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 24 اپریل 2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر (نقد ادائیگی) 19 لاکھ 12 ہزار روپے انڈونیشین (2) حق مہر (زیور ادائیگی) 5gm 19 لاکھ 88 ہزار روپے انڈونیشین اس وقت مجھے مبلغ 30 لاکھ روپے انڈونیشین ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامۃ۔ Dewi Noviy Anti گواہ شد نمبر 1۔ Sdjadi S/O Marsyadi Harjosuwto گواہ شد نمبر 2۔ Mulyadi Muzafar Ahamd S/OIsmail Arahim

مسل نمبر 120513 میں Nining Sumarni

